# رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## کاروائی سالانہ اجلاس عام [AGM] 2020

## منعقدہ مورخہ 26 ستمبر 2020

رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن برائے سال 2021-2020 کے تحت رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا سالانہ جنرل باڈی اجلاس [AGM] 26 ستمبر 2020ء بروز ہفتہ بوقت 08:00 بجے بمقام پی سی ایونٹ مشرقی کنارہ صادق کینال برانچ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے [ 54% ] ممبر کمپنیز کے نمائندوں، صنعت و تجارت سے وابستہ اہم شخصیات اور ضلع کی دیگر کاروباری تنظیموں کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر چوہدری محمد شفیق نے اجلاس کی صدارت کی۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1:۔ تلاوت قرآن پاک، حمد باری تعالیٰ اور نعت رسول مقبول ﷺ۔**

اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک، حمد باری تعالیٰ اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ محترم جناب قاری ظفر اقبال شریف صاحب نے تلاوت قرآن پاک، حمد و نعت رسول مقبول ﷺ پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔

تلاوت قرآن پاک کے بعد پاکستان کا قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ قومی ترانہ کے احترام میں تمام ممبران اپنی نشستوں سے کھڑے ہو گے۔

رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر چوہدری محمد شفیق نے اجلاس کے شرکاء کو خوش آمدید کہا۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2:۔ گزشتہ اجلاس عام [AGM] کی کاروائی کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل نے سابقہ اجلاس عام [AGM] منعقدہ 26 ستمبر 2019 کی کاروائی پڑھ کر سنائی جس کی ہاؤس نے متفقہ طور پر توثیق کر دی۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 3:۔ رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سالانہ کارکردگی رپورٹ۔**

رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سنیئر نائب صدر چوہدری افتخار انجم نے اپنے دورِ صدارت میں چیمبر اور اسکے ممبران کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں ہاؤس کو اعتماد میں لیا۔ سنیئر نائب صدر چوہدری افتخار انجم نے اجلاس عام میں بتایا کہ اس سال ہم نے چیمبر کو جدید طرز پر رینویٹ کیا تاکہ جو مہمان بھی ہمارے چیمبر میں تشریف لائے اُسے احساس ہو کہ رحیم یار خان چیمبر اور رحیم یار خان چیمبر کے لوگ خوش اخلاق اور خوش حال ہیں۔ سنیئر نائب صدر چوہدری افتخار انجم نے کہا کہ مجھے بتاتے ہوئے آپکو خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اس سال رحیم یار خان چیمبر کے لائسنس کی بھی تجدید بھی ہو گی ہے۔ سنیئر نائب صدر چوہدری افتخار انجم نے پورے سال کی کارکردگی اجلاس کے سامنے پیش کی۔ ہاؤس نے سنیئر نائب صدر چوہدری افتخار انجم کی خدمات اور ان کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر تالیاں بجا کر بھرپور تائید اور یک جہتی کا اظہار کیا۔



PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4:۔مالی سال 2019-20 کے حسابات کی آڈیٹرز رپورٹس برائے منظوری پیش کرنا۔**

سیکرٹری جنرل نے رحیم یارخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مالی حسابات برائے سال 2019-20 کے حسابات کی آڈیٹرز رپورٹس ہاؤس میں پڑھ کر منظوری کے لیے پیش کیں۔جس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر رحیم یارخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مالی حسابات برائے سال 2019-20 کی منظوری دے دی۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5:۔مالی سال 2020-2021 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری۔**

سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو بتایا کہ میسرز راؤ اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹس نے مالی سال 2020-2021 کے لیے بطور آڈیٹرز تقرری کے لیے درخواست پیش کی ہے جس کی ہاؤس نے متفقہ طور پر برائے مالی سال 2020-2021 کے لئے میسرز راؤ اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹس فرم کو بطور آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دیدی۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6:۔الیکشن برائے سال 2020-21 کے حتمی نتائج کا اعلان [ممبران ایگزیکٹو کمیٹی، صدر، سنیئر نائب صدر، نائب صدر]**

چیف الیکشن کمیشن محترم جناب حاجی عبدالجبار ورک صاحب، ممبر الیکشن کمیشن محترم جناب انعام باری صاحب اور، ممبر الیکشن کمیشن محترم چوہدری محمد آصف شریف نے الیکشن برائے سال 2020-21 کے حتمی نتائج کا اعلان کیا اور انتخابی نتائج میں امیدواروں کے حاصل کردہ ووٹوں کی تفصیلات پیش کیں۔جس کے مطابق رحیم یارخان چیمبر آف کامرس کے سالانہ انتخابات کے پہلے مرحلے میں 19 ستمبر کو ایگزیکٹو کمیٹی کی 14 نشستوں کے لیے پولنگ ہوئی جس کے لیے پولنگ کا آغاز صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک جاری رہا۔ضلع کی چاروں تحصیلوں سے ممبران رحیم یارخان آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے چیمبر سیکرٹریٹ پہنچ کر اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔نتائج کے مطابق اس سال ایسوسی ایٹ کلاس کی خالی ہونے والی نشستوں پر 14 امیدواران نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے،جن میں سے محترم جناب شفیق الرحمٰن صاحب 644 ووٹ، محترم جناب چوہدری مقصود احمد صاحب 606 ووٹ، محترم جناب چوہدری محمد اشرف صاحب 618 ووٹ، محترم جناب محمد عظمان اصغر صاحب 616 ووٹ، محترم جناب شاہد رسول صاحب 598 ووٹ، محترم جناب چوہدری شفیق الرحمٰن (کوکی) صاحب 594 ووٹ، اور محترم جناب عاطف رحیم صاحب 570 ووٹ لے کر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے۔دیگر سات امیدواران میں محترم جناب عبدالسلام صاحب 504 ووٹ، محترم جناب عبدالوحید بھٹی صاحب 453 ووٹ، محترم جناب میاں آصف محمود صاحب 423 ووٹ، محترم جناب منظور احمد صاحب 378 ووٹ، محترم جناب ذوالفقار علی گل 367 ووٹ، محترم جناب محمد سعید صاحب 352 ووٹ جبکہ محترم جناب میاں ناصر علی نے 339 ووٹ حاصل کیے۔کارپوریٹ کلاس کی سات نشستوں پر محترم جناب وقاص ماجد صاحب 241 ووٹ، محترم جناب وسیم شہزاد صاحب 231 ووٹ، محترم جناب محمد عارف چوہدری 229 ووٹ، محترم جناب محمد شاہ زیب صاحب 219 ووٹ، محترم جناب آصف رشید صاحب 211 ووٹ، محترم جناب رئیس محمد اکمل ورند صاحب 200 اور محترم جناب عمران شفیق صاحب 191 ووٹ لے کر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے۔جب کہ محترم جناب میاں محمد امتیاز صاحب 179 ووٹ، محترم جناب عبدالصمد صاحب 142 ووٹ، محترم جناب چوہدری محمد جاوید ارشد صاحب 141 ووٹ، محترم جناب چوہدری شاہ جہاں خرم صاحب 141 ووٹ، محترم جناب جاوید اختر صاحب 99 ووٹ، محترم جناب رانا



PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

شاہد اکرم صاحب 71 ووٹ اور محترم جناب مبشر احمد صاحب نے 67 ووٹ حاصل کیے۔ ایگزیکٹو کمیٹی کی نشستوں پر انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد جاری کردہ الیکشن شیڈول کے مطابق 22 ستمبر 2020 کو صدر، سنیئر نائب صدر اور نائب صدر کی نشستوں کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروائے گئے۔ جس کے مطابق صدر کی سیٹ کے لیے محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب، سنیئر نائب صدر کے لیے محترم جناب خلیل احمد صاحب اور نائب صدر کے لیے محترم جناب اعظم چوہدری صاحب نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے۔ مقررہ وقت تک کسی دوسرے امیدوار نے کسی بھی نشست کے لیے کاغذات جمع نہیں کروائے اس طرح محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب، سنیئر نائب صدر کے لیے محترم جناب خلیل احمد صاحب اور نائب صدر کے لیے محترم جناب اعظم چوہدری صاحب بلا مقابلہ آفس بیئر بیئر منتخب ہو گئے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 7:۔ نمائندہ ممبران اور نومنتخب صدر کا اجلاس سے خطاب۔**

اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے محترم جناب شیخ عمادالدین صاحب نے کہا کہ میں ممبران اسمبلی چوہدری جاوید وڑائچ، چیئرمین فرینڈز بزنس فورم محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب چیئرمین فاونڈر گروپ محترم جناب میاں محمد امتیاز احمد صاحب، چوہدری محمد ارشاد فارمر ریجنل چیئرمین ایف پی سی سی آئی، سبکدوش ہونے والے صدر محترم جناب چوہدری محمد شفیق، نومنتخب صدر محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب، ایگزیکٹو ممبران رحیم یار خان چیمبر، ممبران رحیم یار خان چیمبر سب کو میری طرف سے اسلام وعلیکم!۔ جناب شیخ عمادالدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے میں تہہ دل سے فرینڈز گروپ کی قیادت کو مبارک باد پیش کروں گا بلاشبہ انہوں نے بہت اچھا الیکشن لڑا جس کے لیے میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ ایک اور الیکشن لڑا اور کامیابی ہوئی جس میں مبارک باد پیش کرتا ہوں محترم جناب حاجی محمد ابراہیم صاحب کو جن کو اللہ پاک نے کامیابی بخشی۔ میں اپنے چھوٹے بھائی محترم جناب چوہدری عثمان محمود کو پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کا وائس پریذیڈنٹ بننے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور میں اُمید کرتا ہوں کہ بزنس لیڈر شپ جو کہ ہمارے ضلع میں محترم جناب حاجی محمد ابراہیم صاحب نے شروع کی پھر اُس کا بیڑہ محترم جناب چوہدری عبدالرؤف مختار صاحب نے اُٹھایا اور اب محترم جناب چوہدری عثمان محمود اس کام کو آگے لے کر چلیں گے۔ میں سبکدوش ہونے والے صدر محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب کی خدمات کو سہراتے ہوئے کہا کہ جو پچھلے سال میں نے اپنی تقریر میں چیمبر کی ترقی کے لیے کچھ امیدوں کا اظہار کیا تھا جناب صدر چوہدری محمد شفیق صاحب، سنیئر نائب صدر محترم جناب چوہدری افتخار انجم صاحب، نائب صدر حاجی محمد سلیم بُھلر صاحب اور اُن کی ٹیم ان تمام امیدوں پر پورا اُتری، باوجود اسکے کہ کرونا وائرس کی وجہ سے چھ ماہ تک چیمبر سرگرمیاں معطل رہیں۔ کرونا وائرس کے سبب بھی ایکٹوٹیز جاری رہیں۔ ایک بات جو کافی عرصہ سے میرے ذہن میں گردش کر رہی تھی میں آپ تمام لوگوں سے شیئر کرنا چاہوں گا اس چیمبر کو تقریباً 14 سال ہو چکے ہیں ہمارا چیمبر ترقی کی طرف گامزن ہے اب ہمارے چیمبر کا شمار بڑے چمبرز میں ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے اتنے کم وقت میں ہمارے چیمبر کو بہت عزت و مقام سے نوازا ہے میں دعوت دوں گا دونوں گروپس کو کہ وہ گروپس سے باہر نکل کر کام کریں یہ ہمارا اپنا چیمبر ہے ہمیں اپنے ضلع کی بزنس کمیونٹی کو آگے لے کر جانا ہے ان تمام چیزوں سے آگے نکل کر ہمیں اپنے چیمبر کو مزید آگے لے کر جانا ہے۔ بدقسمتی سے ہماری معیشیت بہت مشکل مراحل سے گزر رہی ہے 72 سال کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہماری مجموعی ملکی پیداوار (GDP) منفی میں چلی گئی ہے جو کہ ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے ایک ایسا ملک جس کی آبادی 22 کروڑ سے تجاوز کر رہی ہے پاکستان زرعی ملک ہونے کے باوجود ہمارے ملک میں کاٹن اور گندم کی پیداوار کم ہو رہی ہمیں ہماری زراعت پر توجہ دینی ہوگی جو کہ بہت ضروری ہے ورنہ آنے والے وقت میں ہمیں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمیں اپنی



PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

فصلوں کو بہتر کرنے کے لیے کام کرنا ہے لہذا اسکے لیے چیمبر کے تمام سنئیر ممبران سنئیر انڈسٹریلسٹ کومل کر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

☆ سابق صدر رحیم یار خان چیمبر، سابق ریجنل چیئرمین ایف پی سی سی آئی، سابق چیئرمین پاکستان فلورمل ایسوسی ایشن وصدر انجمن تاجران رحیم یار خان محترم جناب چوہدری عبدالرؤف مختار صاحب نے ایم این اے محترم جناب چوہدری جاوید اقبال وڑائچ، ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری عشر وزکوٰۃ محترم جناب چوہدری محمد شفیق، سبکدوش ہونے والے صدر محترم جناب چوہدری محمد شفیق، سنئیر نائب صدر محترم جناب چوہدری محمد افتخار انجم، نائب صدر محترم جناب حاجی محمد سلیم بُھلر صاحب، سبکدوش ہونے والے ایگزیکٹو ممبران، نومنتخب صدر محترم جناب خواجہ بشیر احمد، نومنتخب سنئیر نائب صدر محترم جناب چوہدری خلیل احمد صاحب، نومنتخب نائب صدر محترم جناب چوہدری اعظم شبیر صاحب، تمام نومنتخب ایگزیکٹو ممبران کارپوریٹ کلاس وایسوسی ایٹ کلاس، ممبران اور تمام مہمانان خصوصی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں محترم جناب شیخ عمادالدین صاحب کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہوں گا کے ہمارے چیمبر کو گو کہ زیادہ عرصہ نہیں ہوا لیکن الحمد للہ ہمارے چیمبر نے بہت ترقی کی ہے۔2009 میں جب میں رحیم یار خان چیمبر کا صدر تھا اُس وقت سیلاب آیا اور رحیم یار خان چیمبر نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا اُس وقت امیر جماعت اسلامی محترم جناب مولانا نعمت اللہ صاحب، ایم این اے محترم جناب جاوید وڑائچ صاحب، ہمارے چیف منسٹر محترم جناب میاں شہباز شریف صاحب، محترم جناب عمران خان صاحب نے ہمارے پاس چیمبر وزٹ کیا اُس وقت محترم جناب حاجی سلیم بُھلر صاحب میرے ساتھ نائب صدر تھے اُس وقت میں نے جو باتیں کیں محترم جناب عمران خان صاحب نے کہا کہ میں کبھی بھی یہ تصور نہیں کرسکتا تھا کہ رحیم یار خان کا ایک بزنس مین ایسی باتیں کرے گا آج اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے بحیثیت صدر انجمن تاجران ضلع رحیم یار خان یہاں کچھ باتیں محترم جناب عمران خان صاحب تک پہنچانا چاہوں گا ہم تمام لوگ بزنس مین اور ٹیکس ادا کرتے ہیں کرونا وائرس کی وجہ سے چھ ماہ سے لوگ بے روزگار بیٹھے رہے ہیں بزنس کمیونٹی کی کسی نے دادرسی نہیں کی۔ سابقہ حکومت میں بھی چھوٹے تاجروں کو مشکلات کا سامنا تھا اس حکومت کے دور میں بھی اُس سے بھی برا حال ہے میری محترم جناب عمران خان صاحب سے اس حکومت سے گزارش ہے کہ بزنس کمیونٹی کو آپ سے بڑی امیدیں تھیں اور ہیں لہذا چھوٹے تاجر کو ریلیف دیا جائے تاکہ چھوٹی انڈسٹری بھی مستحکم ہو سکے۔مزید میری تمام بزنس کمیونٹی سے درخواست ہے کہ انڈسٹریل اسٹیٹ میں اپنی انڈسٹریز کو منتقل کریں، مجھے یہ بتاتے ہوئے بھی آپکو خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ انڈسٹریل اسٹیٹ کو اسپیشل اکنامک زون میں شامل کر دیا گیا ہے جس کے لیے میں سبکدوش ہونے والے صدر محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اسپیشل اکنامک زون اور انڈسٹریل اسٹیٹ کے لیے 1000 ایکڑ مزید زمین کی درخواست چیئرمین سی پیک محترم جناب جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ صاحب سے کی جو کہ ان شاء اللہ جلد منظور ہو جائے گی۔رحیم یار خان چیمبر بزنس کمیونٹی کی ترقی میں ہمیشہ اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہا ہے اور کرے گا اور جو آپ کے مسائل ہیں اُن کو حل کرنے کے لیے چیمبر آپ کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔رحیم یار خان چیمبر رحیم یار خان کی بزنس کمیونٹی کے لیے ترقی کا باعث بنے گا۔

☆ گروپ چیئرمین فرینڈز بزنس فورم/ممبر صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری عشر وزکوٰۃ محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب نے محترم جناب جاوید اقبال وڑائچ صاحب، محترم جناب میاں عامر شہباز صاحب، محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب، محترم جناب حافظ عبدالرزاق صاحب، محترم جناب چوہدری عبدالرؤف مختار صاحب، محترم جناب چوہدری محمد شفیق علیم صاحب، محترم جناب چوہدری عبدالرزاق صاحب، محترم جناب میاں خالد شاہین صاحب، محترم جناب افضل مہار صاحب، محترم جناب چوہدری شفیق پپا صاحب، محترم جناب میاں امتیاز احمد صاحب فاونڈر گروپ



PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

،محترم جناب چوہدری بلال گجر صاحب ،محترم جناب چوہدری نجم مجید صاحب ،محترم جناب چوہدری محمد اکرام صاحب ،ضلع رحیم یار خان کی تاجر برادری اور میڈیا کے دوستوں اسلام وعلیکم!

الیکشن جب شروع ہوا ہم نے بھی اور فاونڈرز گروپ نے بھی آپ سے ووٹ مانگے محترم خواجہ بشیر احمد صاحب ہمارے گروپ کے پانچویں صدر منتخب ہوئے ہیں آپ تمام ممبران نے ہماری چار سالہ کارکردگی دیکھی ہمارے اوپر اعتماد کا اظہار کیا اس پر میں تمام ممبران چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب نے نومنتخب صدر محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب سے مخاطب ہو کر کہا کہ خواجہ بشیر احمد صاحب آپ پر اس سال زیادہ بوجھ آنے والا ہے کیونکہ تاجر برادری کے لین دین کے مسائل بہت زیادہ ہیں جیسا کہ محترم جناب عبدالرؤف مختار صاحب نے کہا کہ ہم چیمبر کے پلیٹ فارم سے تاجر برادری کے تمام مسائل حل کروائیں گے۔محترم جناب شیخ عمادالدین صاحب نے کہا کہ ہمیں چیمبر اور ممبران کی ترقی کے لیے کم سے کم پانچ سال کی پلاننگ کرنی چاہیے اس کے لیے میں محترم جناب شیخ عمادالدین صاحب سے کہنا چاہوں کہ میں تو اللہ پاک سے دُعا کرتا ہوں کے ہم مل کر اگلے دس سال کا پلان بنائیں۔چیمبر میں جتنے بھی پروگرام ہوئے میرے تاجر بھائی جانتے ہیں اور یہ میرا خوب بھی ہے کہ ایجوکیشن فنڈ قائم ہونا چاہیے جس کے لیے ہم سب تاجر مل کر فنڈ دیں تاکہ ہمارے ضلع کے یتیم بچے بچیاں یا وہ بچے بچیاں جو کسی وجہ سے تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکیں میں آنے والے وقت میں اپنے ضلع کو مضبوط دیکھنا چاہتا ہوں اس کے لیے تعلیم بہت ضروری چیز ہے میں تمام ممبران سے امید کرتا ہوں کہ وہ بڑھ چڑھ کر حصہ ملائیں گے۔پاکستان زندہ باد!

☆ کو چیئرمین فرینڈز بزنس فورم محترم جناب میاں عامر شہباز صاحب نے کہا کہ سب سے پہلے تو میں محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب کو اس نیک کام کا آغاز کرنے کے لیے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ میں بتانا چاہوں گا بھوک سے روزانہ 8000 بچے موت کا شکار ہو جاتے ہیں اس کی ویکسین بھی دستیاب ہے جسے ہم خوراک کہتے ہیں لیکن کیونکہ یہ امیروں کو نہیں ہوتی اس لیے میڈیا بھی اس کا تذکرہ نہیں کرتا۔غریب اس سے مر رہے ہیں ہمیں اُن کے لیے بھی اللہ پاک کی رضا کے لیے بھی اس معاملے کو ضرور دیکھنا چاہیے۔میں تمام نومنتخب آفس بیئریرز اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ سال ہم سب کے لیے بہت اچھا ہوگا۔

☆ نومنتخب صدر محترم جناب خواجہ بشیر احمد صاحب نے ایم این اے رحیم یار خان محترم جناب جاوید اقبال وڑائچ صاحب ،چیئرمین فرینڈز بزنس فورم و ممبر صوبائی اسمبلی محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب ،ممبر صوبائی اسمبلی خان پور محترم جناب چوہدری ارشد صاحب ،صدر رحیم یار خان چیمبر محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب ،سنیئر نائب صدر محترم جناب چوہدری افتخار انجم صاحب ، نائب صدر محترم جناب حاجی محمد سلیم بھلر صاحب ،سابق صدور محترم جناب چوہدری عبدالرؤف مختار صاحب ،محترم جناب چوہدری محمد اکرام صاحب ،محترم جناب شیخ عمادالدین صاحب ،محترم جناب میاں امتیاز احمد صاحب ،صدر انجمن آڑھتیاں محترم جناب انوار احمد نجمی صاحب ،محترم جناب میاں عامر شہباز صاحب ، چوہدری عبدالرزاق صاحب میرے ایگزیکٹو کمیٹی ممبران میرے ساتھ نومنتخب سنیئر نائب صدر محترم جناب چوہدری خلیل احمد صاحب ، نائب صدر محترم جناب چوہدری اعظم شبیر صاحب میرے ساتھ نومنتخب ایگزیکٹو کمیٹی ممبران کارپوریٹ کلاس اور ایسوسی ایٹ کلاس ،میرے چیمبر کے معزز ممبران اراکین ،میرے چیمبر کی ممبر تمام بہنیں جو یہاں تشریف لائیں ہیں سب کو میری طرف سے اسلام وعلیکم!۔سب سے پہلے میں اللہ پاک کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ پاک نے آپ لوگوں کے تعاون سے میرے گروپ کے لیڈران میرے گروپ کے ساتھیوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور میرا انتخاب بطور صدر رحیم



PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے لیے کیا اس کے لیے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں اور تمام دوستوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ میں دونوں گروپ لیڈران ،فرینڈز بزنس فورم اور فاونڈز بزنس فورم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ میں الیکشن کمیشن کا بھی شکر گزار ہوں کہ اتنے خوش گوار پُر امن ماحول بلکہ دوستانہ ماحول میں یہ الیکشن ہوا جس کے لیے آپ تمام لوگ مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ میری ترجیحات میں اس سال بہت ساری چیزیں شامل ہیں خاص طور پر چھوٹا تاجر جس میں تمام لوگ جن کا تعلق کریانہ ، جنرل سٹور مزید جتنے بھی چھوٹے بزنس ہیں اُن کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے میری خواہش ہے کہ پانچ رُکنی کمیٹی تشکیل دی جائے جس میں دو لوگ رحیم یار خان سے ایک خان پور تحصیل سے ایک صادق آباد تحصیل سے ایک لیاقت پور تحصیل سے کمیٹی ممبر ہوں جو چیمبر کے ممبران کے مسائل کو دیکھے اور اُن کو حل کروائے مزید میری پوری کوشش ہو گی رحیم یار خان چیمبر کے ممبران کے کاروبار کو وسعت کے لیے یہاں سیمینارز منعقد کروا سکوں تاکہ ممبران کا کاروبار بھی وسیع ہو اور چیمبر بھی ترقی کرئے ۔ اس سال ہم اپنے ساتھ پانچ سو نئے ممبرز بنائیں گے اور میری پوری کوشش ہو گی کہ ہم اپنی تاجر برادری کے کاروبار کی وسعت کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں جس سے ہمارا ضلع اور ملک خوشحال ہو گا ۔ میں ایک بار پھر تمام ممبران کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا ۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 8 : ۔ ریٹائیرڈ ہونے والے ایگزیکٹو ممبران و عہداران کو یادگاری شیلڈز کی تقسیم اور دُعا ۔**

محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب چیئرمین فرینڈز گروپ و ممبر صوبائی اسمبلی نے صدر چیمبر محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب ، سنیئر نائب صدر محترم جناب چوہدری افتخار انجم صاحب اور نائب صدر محترم جناب محمد سلیم بُھلر صاحب کو یادگاری شیلڈ پیش کی ۔ محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب نے تمام سابق صدور اور ممبران قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلی کو بھی یادگاری شیلڈز پیش کی ۔ جناب صدر محترم جناب چوہدری محمد شفیق صاحب ، محترم جناب چوہدری افتخار انجم صاحب اور محترم جناب محمد سلیم بُھلر صاحب نے ایگزیکٹو ممبران اور الیکشن کمیشن کو یادگاری شیلڈز پیش کیں ۔

**پروگرام کے اختتام پر محترم جناب حاجی اکبر علی شاہین صاحب نے دُعا کی سعادت حاصل کی ۔**

PRESIDENT
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY



SECRETARY GENERAL
RAHIM YAR KHAN
CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY